# NATIONAL GARRISON SECONDARY SCHOOL

# Class: Two

## Subject: Islamic Studies

**Satellite Town Campus**
3/A, Satellite Town, Adda Gulberg Road,
Rahim Yar Khan.
068-5875725, 068-5885525, 068-5877525

**Tooba Campus**
191/A Block-X, Scheme No. 2,
Gulshan-e-Iqbal, Rahim Yar Khan.
068-5901066, 068-5901077

**Qasim Campus**
Behind Rehmat Market,
Gulshan Abad Colony, Kot Samaba.
068-5000761, 068-5566725

## * مختصر جوابات:

س 1 ہمیں کھانا کھانے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیئے؟
ج بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

## * تفصیلی جوابات۔

س 1 بسم اللہ الرحمن الرحیم کا کیا ترجمہ ہے؟
ج اللہ کے نام سے شروع کرتی ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔
س 2 ہمارے پیارے نبیؐ نے بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بارے میں کیا فرمایا؟
ج ہمارے پیارے نبیؐ نے فرمایا کہ کوئی کام بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے بغیر شروع نہ کیا کرو۔

## * غلط / درست فقرات۔

1 کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنی چاہیئے۔ (✓)
2 بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنے سے ہماری مشکلات آسان نہیں ہوتیں (✗)
3 کوئی بھی کام بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے بغیر شروع نہیں کرنا چاہیئے (✓)

## * کالم ملائیں:

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
| بسم اللہ کے | مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ |
| بسم اللہ پڑھنے سے | بے شمار فوائد ہیں۔ |
| اللہ بڑا | بسم اللہ پڑھیں۔ |
| ہر کام سے پہلے | مہربان ہے۔ |

## سبق نمبر ۲ اللہ تعالیٰ (2)

### مختصر جوابات۔

س1 دنیا کو کس نے پیدا کیا؟
ج اللہ تعالیٰ نے۔
س2 ہم سب کا مالک و خالق کون ہے؟
ج اللہ تعالیٰ۔
س3 ہم سب کس کے محتاج ہیں؟
ج اللہ تعالیٰ کے

### تفصیلی جوابات۔

س1 ہمیں کس کی عبادت کرنی چاہیئے؟
ج ہمیں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنی چاہیئے
س2 ہمیں کس سے مدد مانگنی چاہیئے؟
ج ہمیں اللہ تعالیٰ سے مدد مانگنی چاہیئے

### خالی جگہ پر کریں۔

1. ہر چیز کا کوئی نہ کوئی بنانے والا ضرور ہوتا ہے۔
2. ہم سب اللہ تعالیٰ ہی کے محتاج ہیں۔
3. خوبصورت پھول اور میٹھے پھل سب اللہ تعالیٰ ہی نے پیدا کیئے ہیں۔
4. اللہ تعالیٰ ہر جگہ موجود ہے۔
5. اللہ پاک ہے اور اس میں کوئی عیب نہیں۔

### غلط/درست فقرات۔

1. اللہ تعالیٰ ہمیں نظر آتا ہے۔ (✗)
2. اللہ پاک ہے اور اس میں کوئی عیب نہیں۔ (✓)
3. اللہ تعالیٰ بڑی حکمت والا ہے۔ (✓)
4. ہم اللہ تعالیٰ کے محتاج نہیں ہیں (✗)
5. ہمیں اللہ تعالیٰ سے مدد نہیں مانگنی چاہیئے (✗)

(3)

# سبق نمبر ۳ فرشتے

## مختصر جوابات:

س۱ فرشتوں کو کس نے پیدا کیا؟
ج اللہ تعالیٰ نے۔
س۲ ہوا اللہ کے حکم سے کون سا فرشتہ چلاتا ہے؟
ج حضرت میکائیلؑ۔

## تفصیلی جوابات۔

س۱ فرشتوں کی تعداد کتنی ہے؟
ج فرشتوں کی تعداد اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو معلوم نہیں۔
س۲ چار مشہور فرشتوں کے نام لکھیں
ج حضرت جبرائیلؑ، حضرت میکائیلؑ، حضرت اسرافیلؑ، حضرت عزرائیلؑ

## خالی جگہ پر کریں۔

1 فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا۔
2 مختلف فرشتوں کے سپرد مختلف کام ہیں۔
3 فرشتے ہر وقت اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں۔
4 فرشتوں کی تعداد اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو معلوم نہیں۔

## غلط / درست فقرات:

1 فرشتے ایسی مخلوق ہیں جو ہمیں نظر آتے ہیں۔ (✗)
2 فرشتے نہ کھاتے ہیں، نہ پیتے ہیں، نہ سوتے ہیں اور نہ تھکتے ہیں (✓)
3 فرشتوں میں مرد اور عورت ہوتے ہیں۔ (✗)
4 تمام فرشتوں میں چار فرشتے مشہور ہیں۔ (✓)

(6) سبق نمبر 6 حضرت آدمؑ

## مختصر جوابات:-

س1 سب سے پہلے انسان کون تھے؟
ج حضرت آدمؑ۔
س2 سب سے پہلے نبی کون تھے؟
ج حضرت آدمؑ

## تفصیلی جوابات

س1 اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو کس چیز سے بنایا؟
ج اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو مٹی سے بنایا۔
س2 حضرت آدمؑ کی بیوی کا کیا نام تھا؟
ج حضرت آدمؑ کی بیوی کا نام حضرت حوّا تھا۔
س3 یہ دونوں شروع میں کہاں رہتے تھے؟
ج یہ دونوں شروع میں جنت میں رہتے تھے۔

## خالی جگہ پر کریں:

1 آدم سے لفظ آدمی نکلا ہے۔
2 تمام انسان حضرت آدمؑ کی اولاد ہیں۔
3 حضرت آدمؑ کی بیوی کا نام حضرت حوّا تھا۔
4 حضرت آدمؑ اور حضرت حوّا کو جنت سے نکال دیا گیا۔

## غلط / درست فقرات:

1 سب سے پہلے انسان حضرت آدمؑ نہیں تھے۔ ✗
2 یہ دونوں شروع میں زمین پر رہتے تھے۔ ✗
3 اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو مٹی سے بنایا۔ ✓
4 اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کی توبہ قبول کی۔ ✓

# سبق نمبر 5 — ہمارے پیارے نبیؐ کا بچپن

## مختصر جوابات:

س1 ہمارے پیارے نبیؐ کا کیا نام ہے؟

ج حضرت محمدؐ۔

س2 ہمارے پیارے نبیؐ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج حضرت عبداللہ

س3 ہمارے پیارے نبیؐ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج حضرت بی بی آمنہ۔

## تفصیلی جوابات:

س1 ہمارے پیارے نبیؐ کب پیدا ہوئے؟

ج ہمارے پیارے نبیؐ پیر کے دن 12 ربیع الاول کو پیدا ہوئے۔

س2 آپؐ کہاں پیدا ہوئے؟

ج آپؐ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

## خالی جگہ پر کریں۔

1 آپؐ کے والد کا نام حضرت عبداللہ تھا۔

2 آپؐ کی والدہ کا نام حضرت بی بی آمنہ تھا۔

3 آپؐ بچپن ہی سے بہت اچھے اخلاق کے مالک تھے۔

4 آپؐ کو سادگی بہت پسند تھی۔

5 آپؐ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔

## کالم ملائیں:

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| محمدؐ کا مطلب | حضرت عبداللہ |
| آپؐ کے والد کا نام | جس کی تعریف کی گئی |
| آپؐ بہت | مکہ مکرمہ میں |
| آپؐ پیدا ہوئے | بولتے تھے |
| آپؐ ہمیشہ سچ | نیک تھے |

(6)

# سبق نمبر 6 مشہور پیغمبر

## مختصر جوابات

س1 دنیا میں تقریباً کتنے پیغمبر آئے؟
ج تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار

## تفصیلی جوابات۔

س1 تمام پیغمبر کیسے ہیں؟
ج تمام پیغمبر برحق، معصوم اور پاک ہیں۔
س2 چند مشہور پیغمبروں کے نام بتائیے۔
ج 1 حضرت آدمؑ 2 حضرت موسیٰؑ 3 حضرت عیسیٰؑ 4 حضرت یوسفؑ
5 حضرت محمدﷺ 6 حضرت نوحؑ 7 حضرت ایوبؑ

## خالی جگہ پر کریں۔

1 دنیا میں تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر آئے۔
2 نبیوں کے سردار حضرت محمدﷺ ہیں۔
3 اللہ تعالیٰ نے ہر زمانے میں پیغمبر بھیجے۔
4 پیغمبر اللہ تعالیٰ کا پیغام لوگوں تک پہنچاتے ہیں۔

## غلط / درست فقرات

1 تمام نبیوں میں سب سے افضل حضرت محمدﷺ ہیں (✓)
2 پیغمبروں سے بہت سی غلطیاں ہوتی ہیں (✗)
3 پیغمبر اللہ تعالیٰ کا پیغام اللہ کے بندوں تک پہنچاتے ہیں (✓)
4 اللہ کے آخری نبی حضرت محمدﷺ ہیں۔ (✓)